Date: 26 May 2020
Document Code: 08-04
Version: 04

# کووڈ-19 سے متاثرہ میت کے کفن دفن اور جنازہ کے لئے ہدایات

## مقصد

اہل خانہ ، صحت کی سہولیات فراہم کرنے والے، ہسپتالوں اور مردہ خانوں کے منتظمین پبلک ہیلتھ کے حکام ، علماء اور وہ تمام افراد جو کو وڈ-19 کے مشتبہ یا تصدیق شدہ افراد کی میت کے ساتھ رابطے میں آتے ہیں، اِن سب کو میت کی منتقلی اور کفن دفن کے حوالے سے ہدایات فراہم کرنا۔

## پس منظر

ایک سے دوسرے انسان میں منتقلی کی وجہ سے کو وڈ-19 نے پوری دنیا کو متاثر کیا ہے۔ عالمی شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ یہ عام طور پر ایک ہلکی بیماری ہے اور اس سے متاثرہ افراد میں بچنے کی شرح 98 فی صد ہے۔ان میں سے 80 فی صد کیسز صحت یاب ہو جاتے ہیں، 14 فی صد کے قریب مریض شدید بیمار ہوتے اور 5 فی صد کیسز کو نازک حالت کے پیشِ نظر انتہائی نگہداشت میں رکھنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

کووڈ سے متاثرہ شخص کی موت گھر یا ہسپتال میں ہو سکتی ہے۔اگرچہ اب تک ایسے کوئی سائنسی شواہد سامنے نہیں آئے جن سے یہ معلوم ہوتا ہو کہ کووڈ-19 سے متاثرہ شخص کی میت سے جراثیم عام انسان میں منتقل ہو سکتا ہے۔ اس کے باوجود یہ ضروری ہے کہ کووڈ-19 کے مشتبہ یا متاثرہ شخص کی میت کی منتقلی اور کفن دفن کے دوران احتیاطی تدابیر کو یقینی بنایا جائے ۔ اس دستاویز کا مقصد کو وڈ-19 کی کسی بھی ممکنہ منتقلی کو روکنے کے لئے عالمی ادارۂ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے رہنما اصولوں پر مبنی ایک معیاری پروٹوکول مہیا کرنا ہے۔

## میت کو منتقلی کے لئے تیار کرنا [ہسپتال انتظامیہ کے لئے ہدایات]

1- میت سے رابطے میں آنے والے افراد، بشمول ہیلتھ کیئر یا مردہ خانے کے کارکن، میت کے ساتھ رابطے میں آنے سے پہلے اور بعد میں معیاری حفاظتی اقدامات پر ضرور عمل کریں جیسے ہاتھوں کو دھونا اور جراثیم کش بنانا۔
2- میت کے ساتھ رابطے میں آنے والے افراد مناسب ذاتی حفاظت کا ساز و سامان ( پی پی ای) ضرور استعمال کریں جس میں گاؤن، دستانے اور ماسک وغیرہ شامل ہیں۔ اگر
3- چہرے پر چھینٹیں گرنے کا خدشہ ہو تو چہرے کی حفاظت کے لئے تجویز کردہ شیلڈ اور چشمہ کا استعمال کریں۔
4- میت کو منتقل کرنے کے لئے تمام ٹیوبز، کیتھیٹرز وغیرہ اتار دیں۔
5- منتقلی کے دوران میت کو کم سے کم حرکت دیں اور محفوظ طریقے سے ہینڈل کریں۔
6- جسم کو کپڑے میں لپیٹ کر جلد سے جلد مردہ خانے میں منتقل کریں۔
7- اگر جسمانی رطوبت کا اخراج نہ ہو تو باڈی بیگز کی ضرورت نہیں، وگرنہ منتقلی سے پہلے باڈی بیگز کی موجودگی کو یقینی بنائیں۔استعمال ہونے والے باڈی بیگز کم از کم 125 کلو گرام تک کا وزن اٹھانے کے قابل ہوں
8- منتقلی سے پہلے میت کو جراثیم کش بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔
9- منتقلی ایمبولینس یا کسی دوسری گاڑی کے ذریعے کی جا سکتی ہے ، خصوصی انتظامات کی ضرورت نہیں

## پوسٹ مارٹم بشمول انجینئرنگ اور ماحولیاتی کنٹرول [ہسپتال انتظامیہ کے لئے ہدایات]

**پوسٹ مارٹم**

1- اگر کووڈ-19 کا مشتبہ یا تصدیق شدہ فرد متعدی مدت کے دوران فوت ہوجاتا ہے تو ، زندہ وائرس اب بھی اس کے پھیپھڑوں اور دیگر اعضاء میں موجود ہوسکتا ہے۔ لہذا ، سانس کی حفاظت کے لئے وہ تمام اضافی اقدامات لئے جائیں جو کہ شدید سانس کی بیماری سے ہلاک ہونے والوں کے پوسٹ مارٹم کے وقت لئے جاتے ہیں۔

2- ہسپتال کی انتظامیہ پوسٹ مارٹم کرانے والے افراد کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے ذمہ دار ہے۔

3- پوسٹ مارٹم کرنے والا سٹاف محدود ہو اور اس کے پاس مناسب پی پی ای، جیسے کہ سکرب سوٹ، لمبے بازو والے رطوبت سے بچاؤ والے گاؤن، دستانے، چہرے کے لئے شیلڈ اور چشمہ، اور این 95 ماسک موجود ہوں۔

4- پوسٹ مارٹم ایک مناسب ہوادار کمرے میں کیا جائے یعنی یا تو کم از کم 160لیٹر ہوا کے بہاؤ کے ساتھ قدرتی ہوا کی آمد ورفت ہو ہو یا منفی پریشروالے کمرے جس میں ہر گھنٹہ کے لحاظ سے 12 مرتبہ ہوا تبدیل کی جائے (اے سی ایچ)اور اس کے ساتھ ساتھ مکینیکل وینٹیلیشن جس میں ہوا کو کنٹرول کیا جاسکے۔

## ماحولیاتی صفائی اور کنٹرول [ہسپتال انتظامیہ کے لئے ہدایات]

کورونا وائرس ماحول میں موجود مختلف سطحوں پر 9 دن تک زندہ رہ سکتا ہے لہذا ماحول کو صاف کرنا نہایت ضروری ہے۔

1- ہوا کی مناسب آمد و رفت اور روشنی کے ساتھ ساتھ مردہ خانہ کو ہر وقت صاف رکھیں

2- پوسٹ مارٹم کے دوران استعمال ہونے والے آلات کو معمول کے طریقہ کار کے مطابق پوسٹ مارٹم سے پہلے اور بعد میں جراثیموں سے صاف کریں۔

3- جسم کو تدفین کے لئے تیار کرنے کے لئے استعمال ہونے والی جگہوں کو پہلے پانی اور صابن، یا پانی اور کسی بازاری ڈیٹرجنٹ لے محلول سے اچھی طرح دھویا جائے۔

4- صفائی کے بعد ، سطح کو کم سے کم 1 منٹ کے لئے 70 فی صد ایتھنول یا کم سے کم 1.0 فیصد(1000پی پی ایم) پر مشتمل سوڈیم ہائپوکلورائٹ (بلیچ) سے صاف کریں۔

5- ڈسپوزایبل فیس ماسک اور دستانے استعمال کرنے کے بعد ان کو (پروٹوکول کے مطابق) ڈھکن والے کوڑے دان میں ضائع کر دیں۔

## تدفین

کووڈ-19 سے مرنے والے لوگوں کی تکفین یا تدفین کا فیصلہ حکام کے ذریعہ انفرادی طور پر کیس کو دیکھ کر ہونا چاہئے ، ایسے میں لواحقین کے حقوق میں توازن ، انفیکشن کے پھیلاو کے خطرات اور وجہ موت کی تحقیقات کی ضرورت کو پیش نظر رکھنا ضروری ہیں۔

1- تدفین کی رسومات قومی اور مقامی تقاضوں پر مبنی ہونی چاہئیں ، جس میں باقیات کو سنبھالنا اور دفنانا مذہبی و مقامی رسوم کے لحاظ سے موزوں ہو۔

2- زخم کی نکاسی اور انجیکشن سے ہونے والے سوراخوں کو جراثیموں سے پاک کریں اور ایسے میٹریل سے پٹی کریں کہ مواد رس کر باہر نہ آئے۔ اگر ضرورت ہو تو منہ اور ناک کے اندر موجود رطوبتوں کو نرم سکشن کے ذریعے صاف کیا جاسکتا ہے

3- جسمانی رطوبتوں کے رساؤ کو روکنے کے لئے میت کی ناک، منہ اور جسم کے دیگر کھلے حصوں کو پلگ کر دیں ۔

4- میت صاف اور خشک ہو

5- تدفین کے لئے مذہبی رواج کے مطابق میت کو سفید کپڑے سے ڈھانپ سکتے ہیں۔

6- ہیلتھ کیئر ورکر یا مردہ خانے کا عملہ جو میت کو تدفین کے لئے تیار کرے، مناسب پی پی ای پہننے کی معیاری احتیاطی تدابیر پر عمل کرے۔

7۔ میت کو قبر میں اتارتے وقت دستانے ضرور پہنیں۔ تدفین کے بعد دستانے احتیاط سے اتاریں اور صابن اور پانی سے ہاتھ دھوئیں۔

8۔ کووڈ۔ 19 کے مشتبہ یا تصدیق شدہ مریض کی میت کو دفنانے میں جلد بازی نہ کریں۔

## لواحقین کا میت کی تدفین کرنا یا گھر میں ہونے والی اموات

1 .لواحقین اور دوست احباب میت دیکھ سکتے ہیں لیکن انہیں چھونے یا بوسہ لینے کی اجازت نہیں ۔ دیکھنے کے بعد صابن اور پانی سے ہاتھ اچھی طرح دھوئیں۔

2۔ تدفین کی رسومات ( جنازہ کے لئے اکٹھا ہونا اور جنازہ پڑھنا) کے لئے کم سے کم افراد شریک ہوں (صرف اہلِ خانہ اور رشتہ دار)۔ شرکت کرنے والے تمام افراد بتائی گئی احتیاتی تدابیر پر عمل کریں، جیسے کہ، ایک دوسرے سے کم از کم دو میٹر کا فاصلہ رکھنا، چہرے کے لئے ماسک کا استعمال کرنا اور بار بار ہاتھ دھونا۔

3۔ تدفین کے لئے میت تیار کرنے والا فرد سرجیکل یا میڈیکل ماسک یا دستانے پہننے کی مناسب احتیاطی تدابیر پر عمل کریں

4۔ تدفین کے لئے میت تیار کرنے والا فرد میت تیار کرنے کے فوری بعد پہنے ہوئے کپڑے تبدیل کرے۔ ان کپڑوں کو گرم پانی میں 60-90 ڈگری درجہ حرارت پر کپڑے دھونے والے صابن سے دھوئیں یا ڈسپوزبل ایپرن یا گاؤن کا استعمال کریں۔

5۔ وہ افراد جن میں قوت مدافعت کی کمی کے ساتھ ساتھ کوئی طبی بیماری ہو اور وہ افراد جن کی عمر ساٹھ سال سے زیادہ ہو میت کے ساتھ رابطہ نہ رکھیں

6۔ مرنے والے کے بقایاجات ( سامان) کو سنبھالنے والا شخص دستانوں کا استعمال کرے۔ سامان کو 70% ایتھینول یا 0.1% بلیچ کے محلول سے صاف کریں۔

7۔ مرنے والے کے کپڑے یا استعمال کی چادریں ، تولیے وغیرہ نیم گرم پانی (60-90ڈگری درجہ حرارت) اور کپڑے دھونے والے ڈیٹرجنٹ سے مشین میں دھوئیں۔

*Note: The above recommendations are being regularly reviewed by the Ministry of National Health Services, Regulations & Coordination and will be updated based on the international & national recommendations and best practices.*

*The Ministry acknowledges the contribution of HSA/ HPSIU/ NIH team to compile these guidelines*.

**References:**

1. International Diabetes Federation, COVID-19 outbreak: guidance for people with diabetes https://www.idf.org/our-network/regions-members/europe/europe-news/196-information-on-corona-virus-disease-2019-covid-19-outbreak-and-guidance-for-people-with-diabetes.html
2. Worldometer, Coronavirus (COVID-19) Mortality Rate 2020 https://www.worldometers.info/coronavirus/coronavirus-death-rate/
3. World Health Organization. WHO interim guidance on Infection Prevention and Control for the safe management of a dead body in the context of COVID-19, March 24, 2020

https://www.nih.org.pk/ https://www.youtube.com/channel/UCdYuzeSP4Ug1f__ZZKLDiYg